SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرVIIمجریہ1995
SINDH ACT NO.VII OF 1995
بدین ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، 1995
THE BADIN DEVELOPMENT AUTHORITY ACT, 1995
فہرست(CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)

باب اول
شروعاتی
PRELIMINARY

1. مختصر عنوان ، اور شروعات
Short title, extent and commencement
2. تعریف
Definition

باب دوئم
اتھارٹی کی تشکیل اور کام
CONSTITUTION AND FUNCTIONS OF THE AUTHORITY

3. اتھارٹی اور اس کی ہیئیت
Authority and its incorporation
4. اتھارٹی کی تشکیل
Constitution of the Authority
5. ڈائریکٹر جنرل کی مقرری اور فرائض
Appointment and duties of the Director General
6. اتھارٹی کے افسر اور دوسرا عملہ
Officers and others staff of the Authority
7. اتھارٹی کے کام
Functions of the Authority
8. اتھارٹی کا اجلاس
Meeting of the Authority

9. کمیٹیوں کی تشکیل
Constitution Committees9
10. اختیارات کی تفویض
Delegation of Powers

باب سوئم

ماسٹر پروگرام اور اسکیمیں

MASTER PROGRAMMES AND SCHEMES

11. ماسٹر پروگرام
Master Programme
12. اسکیمیں
Schemes
13. بے ترتیب افزائش سے بچاؤ
Prevention of haphazard growth
14. عمارت کی تعمیر یا پھر سے تعمیر کرنا
Erection or re-erection of building
15. فنڈز کی اسکیمیں
Funds of Scheme

باب چہارم

جائیداد کا حصول

ACQUISITION OF PROPERTY

16. خرید ، لیز، جائیداد کی ادلہ بدلی
Purchase, lease or exchange of property
17. زمین کا حصول
Acquisition of Land

باب پنجم

مالیات

FINANCES

18. اتھارٹی کے فنڈز
Fund of the Authority
19. بجٹ
Budget
20. حساب کتاب رکھنا
Maintenance of Account

باب ششم
واٹر سپلائی
WATER SUPPLY

21. حکومتی ایجنسی کو پانی کی فراہمی
Supply of water to Government agency
22. رپورٹ
Report
23. واجبات کی وصولی
Recovery of dues
24. دائرہ اختیار پر پابندی
Jurisdiction barred
25. ضمانت
Indemnity
26. قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules
27. ضوابط بنانے کا اختیار
Power to make regulations
28. منسوخی
Repeal

سندھ ایکٹ نمبرVIIمجریہ1995
SINDH ACT NO.VII OF 1995
بدین ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ، 1995
THE BADIN DEVELOPMENT AUTHORITY ACT, 1995

[25 اکتوبر 1995]

تمہید (Preamble)

اس ایکٹ کے توسط سے بدین ضلعے میں شامل علائقوں کی ترقی بہتری و آرائش کے لئے گنجائش نکالی جائے گی اور اس مقصد کے لئے ایک اختیاری کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

جیسا کہ یہ ضروری ہوگیا ہے کہ ایسی گنجائش نکالی جائیں اور جسے اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا جس کے نتیجے میں بدین ضلعے پر مشتمل علائقوں کی ترقی، سدھار اور خوبصورتی ممکن ہو اور ان مقاصد کے لئے اتھارٹی بنائی جائے گی۔

اس مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جائے گا۔

مختصر عنوان ، اضافہ اور شروعات
Short title, extent and commencement

باب اول

ابتدائی

PRELIMINARY

تعریف
Definition

1. (1) اس ایکٹ کوبدین ڈولپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 1995 کہا جائے گا۔

(2) اس کی بدین ضلعے میں شامل علائقوں تک توسیع کی جائے گی۔

(3) یہ فی الفور نافذہوگا۔

2. اس ایکٹ میں، جب کوئی مضمون اور مقصد متضاد نہ ہو:-

(a) ''اتھارٹی'' سے مراد بدین ڈیولیپمنٹ جس کوزیر دفعہ 3 کے تحت بنایا گیا ہو؛

(b) ''چیئرمین'' سے مراداتھارٹی کا چیئرمین ؛

(c) ''گورنمنٹ''سے مراد حکومت سندھ؛

(d) ''ڈائریکٹر جنرل''سے مراد اتھارٹی کا ڈائریکٹر جنرل؛

(e) '' میمبر''سے مراداتھارٹی کا رکن؛

اتھارٹی اور اس کی شمولیت
Authority and its incorporation

(f) ''پرسکرابڈ''سے مراد اس قانون کے تحت بنائے گئے قواعد اور ضوابط کے مطابق ہدایات جاری کرنا؛

(g) ''ریگولیشن''سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے ضوابط؛

(h) ''رولز'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد؛

اتھارٹی کی تشکیل

باب دوئم

Constitution of the Authority

اتھارٹی کی تشکیل اور کام
CONSTITUTION AND FUNCTIONS OF THE AUTHORITY

3. (1) اس ایکٹ سے متعلق مقاصد کے حصول کے لئے ایک اتھارٹی قائم کی جائے گی جسے بدین ڈولپمنٹ اتھارٹی کہا جائے گا۔

(2) اتھارٹی ایک باڈی کارپوریٹ ہوگی جس کو اختیار کے ساتھ دونوں قسم کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد حاصل کرنے اور رکھنے کے لئے حقیقی وارثی اور عام مہر ہوگی، جو مذکورہ نام کے ساتھ کیس کر سکے گی اور اس پر کیس ہو سکے گا۔

ڈائریکٹر جنرل کی مقرری اور ڈیوٹیز
Appointment and duties of the Director General

4. (1) اتھارٹی مشتمل ہوگی:

(a) وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی یا وزیراعلیٰ کی طرف سے نامزد کیا گیا وزیر (چیئرمین)

(b) حیدرآباد ڈویژن کا کمشنر (میمبر)

(c) ڈائریکٹر جنرل (میمبر)

(d) غیر سرکاری میمبر جن کی تعداد 3 سے زیادہ نہ ہو اور حکومت کی جانب سے مقرر کئے گئے سرکاری میمبر؛

اتھارٹی کے افسر اور دوسرا عملہ
Officers and others staff of the Authority

(2) غیر سرکاری میمبرز کے پاس 3 سال تک عہدہ ہوگا، جب تک وہ پہلے استعیفیٰ دے یا اسے ہٹایا جا ئے، بشرطیکہ اسے تب تک نہیں ہٹایا جائے گا جب تک اسے سننے کا موقعہ نہ دیا جائے۔

(3) غیر سرکاری میمبر کے عہدے پر اتفاقی خالی آسامی کی صورت میں جسے مقرر کیا جائے گا اسکے پاس وہ عہدہ اس آسامی کی باقی المیعاد مدت تک رہے گا۔

اتھارٹی کے کام
Functions of the Authority

5. (1) ڈاریکٹر جنرل حکومت کی جانب سے متعین کردہ شرائط و ضوابط کی بنیاد پر مقرر کیا جائے گا۔

(2) ڈائریکٹر جنرل اتھارٹی کا چیف ایگزیکٹو ہوگا اور اتھارٹی کی جا نب سے دیئے گئے اختیارات کے

اتھارٹی کی میٹنگ

تحت فرائض سرانجام دے گا۔

(3) ڈائریکٹر جنرل کی کسی سبب غیر موجوگی یا کسی اور سبب اپنے فرائض سرانجام نہ دینے کے صورت میں حکومت ان فرائض کی انجام دہی کے لئے بطور ڈائریکٹر جنرل کسی سرکاری میمبر کو نامزد کرے گی۔

Meeting of the Authority

کمیٹیوں کی تشکیل
Constitution Committees

6. فرائض کو بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے لئے اتھارٹی چاہے تو متعین کردہ شرائط کے تحت ماہرین، کنسلٹنٹس ، اور دوسرے ملازمین کو مقرر کر سکتی ہے یا ان کی خدمات لے سکتی ہے۔

اختیارات کی تفویض
Delegation of Powers

ماسٹر پروگرام
Master Programme

7. حکومت کی جانب سے دی گئی عام اور خاص ہدایات کے مطابق اتھارٹی:

(i) سارے علائقوں کی ترقی، بہتری، آرائش کی ذمہ دار ہوگی۔

اسکیمیں
Schemes

(ii) اسکیم کو بنانے، ان پر عمل درآمد اور لاگو کرنے کی پابند ہوگی۔

(iii) پانی کی فراہمی اور نکاس آب، اور ٹھوس فضلے کے اخراج، جیسے عوامی کاموں کی نگرانی ، بحالی، ترقی و بہتری کے لیئے کام کرنا۔

(iv) اس ایکٹ کے متعلق مقاصد کے حصول کے لئے حسب ضرورت اقدامات کرنا اور اختیارات کا استعمال کرنا۔

کام بے ترتیب افزائش سے بچاؤ
Prevention of haphazard growth

(v) حکومت کی جانب سے دیئے گئے دیگر فرائض کو سرانجام دینا۔

8. اتھارٹی متعین کئے گئے طریقہ کار اور قوانین کے تحت طے شدہ وقت اور جگہ پر میٹنگ کرے گی جب تک دستور یا طریقہ کار طے نہیں ہوتا تب تک میٹنگ چیئرمین کی ہدایت کے مطابق ہی منعقد ہوگی۔

زیر تعمیر اور زیر تعمیر عمارت پر دوبارہ کام
Erection or re-erection of building

9. اتھارٹی اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کے لئے کمیٹی تشکیل دے سکتی ہے جیسے کہ فنانس کمیٹی، ٹیکنیکل اور ایڈوائزری کمیٹی۔

فنڈز کی تجاویز
Funds of Scheme

10. اتھارٹی عمومی یا خصوصی حکم کے تحت اپنے کوئی اختیارات، فرائض یا دوسرے امور چیئرمین، ڈائریکٹرجنرل یا کسی سرکاری میمبر کو سپرد کر سکتی ہے۔

باب سوم
ماسٹر پروگرام اور اسکیمیں
MASTER PROGRAMMES AND SCHEMES

11. اتھارٹی جلد از جلد ان علائقوں کی ترقی، بہتری توسیع اور خوبصورتی کے مختلف پروگرامز کی حکومت سے منظوری کے لئے ایک ماسٹر اسکیم تیار کرے گی۔

پرچیز، لیز، جائیداد کی ایکسچینج
Purchase, lease or exchange of property

12. (1) اتھارٹی اس کے دائرہ اختیار میں آنیوالے علائقے کے لئے متعین کردہ طریقہ کار کے تحت خصوصی اسکیم یا اسکمیں بنائے گی۔

زمین کا حصول
Acquisition of Land

(2) اتھارٹی کی جانب سے بنائی گئی ساری اسکیمیں حکومت کو منظوری کے لئے بھیجی جائیں گی۔ علاوہ ان اسکیموں کے جن کی ایراضی لاگت کا تخمینہ مقرر کردہ حد سے زیادہ نہ ہو یا جن کے لئے حکومت سے کسی قرض یا گرانٹ کی ضرورت نہ پڑے۔

اتھارٹی کے فنڈز
Fund of the Authority

13. اتھارٹی ایک نوٹی فکیشن کے ذریعے، اپنے دائرہ اختیار میں آنیوالے علائقے میں بے ترتیب ترقی، تجاوزات، غیر مجاز تعمیر، اور کسی کاروائی کی روک تھام کے لئے ضروری ہدایات دے سکتی ہے، اور حسب ضرورت اقدام لے سکتی ہے۔

(2) رائج قانون کے مطابق تجاوزات کو ہٹایا جائے گا۔

بجٹ
Budget

14. (1) کوئی شخص اتھارٹی کی اجازت کے سوا کسی عمارت کو تعمیر یا دوبارہ تعمیر نہیں کرے گا۔ نہ ہی اس میں کوئی بیرونی تبدیلی لائی جا سکے گی، بشمول تعمیر شدہ یا کسی پروجیکٹ کے کسی حصے کی تعمیر یا دوبارتعمیر لائق حصے کے،

اتھارٹی متعین کردہ طریقہ کار اور قوانین کے تحت منظوری دے سکے گی۔

اکاؤنٹ کی دیکھ بھال
Maintenance of Account

(2) اگر کوئی شخص ذیلی دفعہ (1) کی گنجائشوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پایا جائے تو اتھارٹی حسب ضرورت ان گنجائشوں کے نفاذ کے لئے ضروری اقدامات اٹھا سکتی ہے۔

حکومتی ایجنسی کو پانی کی فراہمی
Supply of water to Government agency

15. (1) اتھارٹی حکومت کی پیشگی رضامندی سے اسکیموں کو مکمل کرنے کے لئے اس پر آنے والی لاگت کے لئے مختلف اوقات میں فنڈز جمع کرے گی جو کہ مختلف ٹیکسز اور فیس کی مد میں جمع کئے جائیں گے۔

(2) فیس، ٹیکس اور دوسرے چارجز متعین کردہ طریقہ کار کے تحت لاگو اور جمع کئے جائیں گے۔

رپورٹ
Report

باب چہارم

جائیداد کا حصول

ACQUISITION OF PROPERTY

16. اتھارٹی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کی خرید، لیز، تبدیلی یا حصول کے سلسلے میں دلچسپی رکھنے والے فریق کے ساتھ معاہدہ کرے گی۔

واجبات کی وصولی
Recovery of dues

عدالت کاروائی پر پابندی
Jurisdiction barred

17. جب اتھارٹی کے خیال میں کسی اسکیم یا کسی عوامی مقصد کے لئے ضروری زمین کو دفعہ 16 کے تحت حاصل نہ کیا جا سکے تو اسے حیدرآباد ڈیولپمینٹ اتھارٹی ایکٹ 1976 کے تحت حاصل کیا جائے گا۔

ضمانت
Indemnity

باب پنجم

فنانس

FINANCES

قواعد بنانے کا اختیار

18. (1) بدین ڈیولپمینٹ اتھارٹی فنڈ کے نام سے ایک علیحدہ فنڈ ہوگا۔ جو اتھارٹی کے استعمال کے

لئے ہوگا۔

(2) فنڈ مشتمل ہوگا:

(a) حکومت اور لوکل کاؤنسل کی جانب سے دی گئی گرانٹس

(b) منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کی خرید و فروخت

(c) اس ایکٹ کے تحت وصول کئ گئی تمام فیس، رسیدیں اور دیگر رقوم۔

(d) اتھارٹی کی طرف سے وصولی لائق دیگر ساری رقوم اور لیئے گئے سارے قرضے۔

Power to make rules

ضوابط بنانے کا اختیار

Power to make regulations

منسوخی

Repeal

19. ہر مالی سال کے لئے آمدنی اور روانگی کے تخمینے مرتب کر کے اسٹیٹمینٹ تیار کیا جائے گا۔ اور اس کے طے شدہ طریقے کار کے مطابق حکومت کو منظوری کے لئے بھیجا جائے گا۔

20. (1) اتھارٹی کے اکائونٹس متعین کردہ طریقہ کار کے تحت چلائے جائیں گے۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت چلائے جانے والے اکائونٹس کی جانچ پڑتال اکائونٹنٹ جنرل کرے گا۔

باب ششم

پانی کی فراہمی

WATER SUPPLY

21. اتھارٹی متعین کردہ شرائط کے تحت طے شدہ قیمت پر پینے لائق پانی کی پیداوار اور تقسیم کی ذمہ دار ہوگی۔

22. اتھارٹی ہر کلینڈر سال کے اختتام پر اس سال میں کی جانے والی سرگرمیوں کے حوالے سے رپورٹ تیار کرے گی۔ جو کہ حکومت کو پیش کی جائے گی۔

23. اس ایکٹ کے نافذ العمل ہوتے ہی لوکل کائونسل اور لوکل اتھارٹی کے تمام اختیارات اور فرائض، جنکی مدد سے اسکیموں کی تشکیل اور ان پر عمل درآمد کیا جاسکے۔ اور اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں آنیوالے علائقے میں ہونے والے کاموں جیسے کہ

پانی کی فراہمی، نکاسی آب وغیرہ کی نگرانی و بحالی کے کام اتھارٹی کی جانب سے سرانجام دیئے جائیں گے۔

24. اس ایکٹ کے توسط سے اتھارٹی پر واجب رقم یا اتھارٹی کی طرف سے غلط ادا کی گئی رقم کو لینڈ ریوینیو کے بقایاجات کے طور پر وصول کی جائے گی۔

25. کسی عدالت کے پاس یہ اختیار نہیں ہوگا کہ وہ اس ایکٹ کے تحت کی گئی یا کی جانے والی کسی چیز کے خلاف کوئی حکم جاری کرے یا کوئی کاروائی کرے۔

26. اس ایکٹ کے تحت کی گئی یا کی جانے والی کسی چیز کے حوالے سے کوئی مقدمہ یا قانونی کاروائی حکومت، اتھارٹی یا کسی شخص کے خلاف نہیں کی جائے گی۔

27. حکومت اس ایکٹ سے متعلق مقاصد کے حصول کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

28. (1) اس ایکٹ کے شرطیہ بیان اور قواعد کے مطابق، اتھارٹی اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کے لئے ضوابط بنا سکتی ہے۔

(2) خاص طور پر کسی اور مندرجہ بالا اختیارات کی عام حیثیت سے تعصب کے بغیر ان قواعد اور ضوابط کااطلاق ہوگا:

i. میٹنگس اور اس طرح کی میٹنگس میں کاروبار کے معاملات

ii. اتھارٹی کے عملداروں اور عملے کی ملازمت کے شرائط و ضوابط

29. بدین ڈیولپمینٹ اتھارٹی آرڈیننس 1995 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔